Urdu (Compulsory) Paper – XII (01) (18)

Name

Roll No

1۔ ہر سوال کے سامنے چار دائرے دیے گئے ہیں، صرف صحیح جواب والا دائرہ بھر دیں۔

2۔ دائروں کو شیڈ (بھرنے) کے لئے نیلے یا کالے رنگ کا مارکر استعمال کریں۔

3۔ جواب میں ایک سے زائد دائرے بھرنے سے جواب غلط تصور ہوگا۔

Total Marks : 100
Time Allowed: 20 Minutes

Total Time Allowed: 3 Hours
Marks : 20

## SECTION – A

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | شریف حسین کس افسانے کا کردار ہے؟ | ● کتبہ | ○ منظور | ○ مائیں | ○ کنڈیکٹر |
| 2 | "ایک وصیت کی تعمیل" کس کی تصنیف ہے؟ | ○ پطرس بخاری | ○ شبلی نعمانی | ● فرحت اللہ بیگ | ○ فارغ بخاری |
| 3 | پطرس بخاری کہاں پیدا ہوئے؟ | ● پشاور | ○ لاہور | ○ کراچی | ○ مردان |
| 4 | کتاب میں موجود "علامہ اقبال" کے عنوان سے خاکہ کس نے تحریر کیا ہے؟ | ○ شوکت صدیقی | ○ پطرس بخاری | ○ فارغ بخاری | ● چراغ حسن حسرت |
| 5 | نظم "ستارے" کا شاعر کون ہے؟ | ○ منیر نیازی | ○ میرا جی | ● ن م۔ راشد | ○ احمد فراز |
| 6 | بانگ درا اور بال جبریل کس کی تصانیف ہیں؟ | ○ مولانا حالی | ○ اختر شیرانی | ● علامہ اقبال | ○ میرا جی |
| 7 | کالی داس کون تھا؟ | ○ تاجر | ○ فوجی | ● شاعر | ○ مذہبی رہنما |
| 8 | ڈاکٹر وزیر آغا کہاں پیدا ہوئے؟ | ○ کراچی | ○ ملتان | ● سرگودھا | ○ لاہور |
| 9 | سعادت حسن منٹو کی وجہ شہرت کیا ہے؟ | ○ مضمون نویسی | ○ شاعری | ● افسانہ | ○ خاکہ نگاری |
| 10 | غلام عباس کب پیدا ہوئے؟ | ○ 1903 | ○ 1904 | ● 1909 | ○ 1910 |
| 11 | طائرِ لاہوتی کس کی تصنیف ہے؟ | ○ احمد ندیم قاسمی | ○ غلام عباس | ○ منٹو | ● فارغ بخاری |
| 12 | منظورا اور اختر کے کردار کس سبق میں ہیں؟ | ● منظورا | ○ کنڈیکٹر | ○ طائر لاہوتی | ○ سقراط |
| 13 | چوپال، کپاس کا پھول اور نیلا پتھر نامی کتابیں کس کی تصنیف ہیں؟ | ○ شوکت صدیقی | ● احمد ندیم قاسمی | ○ غلام عباس | ○ منٹو |
| 14 | مولانا محمد حسین آزاد کے استاد کون تھے؟ | ○ مرزا رفیع الدین سودا | ○ مرزا غالب | ● الطاف حسین حالی | ○ محمد ابراہیم ذوق |
| 15 | نیرنگ خیال کس کی تصنیف ہے؟ | ○ فارغ بخاری | ○ سرسید احمد خان | ● مرزا غالب | ○ محمد حسین آزاد |
| 16 | مرزا شہ زور کس مغل بادشاہ کے بھانجے تھے؟ | ● بہادر شاہ ظفر | ○ بابر | ○ اکبر | ○ ہمایوں |
| 17 | افلاطون کس کے شاگرد تھے؟ | ○ ارسطو | ● سقراط | ○ بقراط | ○ ارشمیدس |
| 18 | مولانا شبلی نعمانی کہاں پیدا ہوئے؟ | ○ گجرات | ● اعظم گڑھ | ○ لاہور | ○ کراچی |
| 19 | مضمون "فاقہ میں روزہ" کس کی تصنیف ہے؟ | ● خواجہ حسن نظامی | ○ پطرس بخاری | ○ مہدی افادی | ○ مشتاق احمد یوسفی |
| 20 | مولانا محمد حسین آزاد کہاں پیدا ہوئے؟ | ● دہلی | ○ لکھنؤ | ○ بنارس | ○ حیدرآباد |

eduvision.edu.pk

PR XII (01) 18 P-310

# اردو(لازمی) (نیو کورس)

**Inter Part-II**
**(Fresh/Reappear)**

نوٹ:- سیکشن(ب) اور سیکشن(ج) کیلئے کل وقت 2 گھنٹے 40 منٹ ہیں۔

## سیکشن(ب)

نمبر:50

سوال-II درجہ ذیل میں سے دس(10) اجزاء کے مختصر جوابات لکھیں۔ ہر جزو کے پانچ نمبر ہیں۔

(۱) مصنف نے روڈرولر کی رفتار پر کن خیالات کا اظہار کیا؟

(۲) ایرانی شعراء کو دربار میں کیوں نہیں آنے دیا گیا؟

(۳) "بھوت" کا سن کر محلے والوں نے کیا کیا؟

(۴) دونوں بیگمات کے برعکس ان کے شوہروں کے تعلقات کیسے تھے؟

(۵) میواتیوں نے مرزا شہ زور کے خاندان سے کیسا برتاؤ کیا؟

(۶) کسی شہر کا پانی تک نہ پینا، کس بات کی غمازی کرتا ہے؟

(۷) شاعر نے بلندی کی طرف دیکھنے سے کیوں منع کیا ہے؟

(۸) شاعر کے دل میں ہر وقت چبھن کیوں رہتی ہے؟

(۹) دن کو نکلنے والے ستارے کی کون کون سی خوبیاں بیان کی گئی ہیں؟

(۱۰) عام زندگی میں دیر کرنے کے کیا کیا نقصانات متوقع ہیں؟

(۱۱) نظم "شکست کی آواز" کا خلاصہ اپنے الفاظ میں تحریر کریں۔

(۱۲) "شکوہ" سن کر فرشتوں نے کن خیالات کا اظہار کیا؟

(۱۳) درج ذیل محاورات کو اپنے جملوں میں استعمال کریں۔
ہوائی قلعے بنانا، آسمان ٹوٹ پڑنا، چراغِ سحر ہونا، طوطا چشمی کرنا، پہاڑ ٹوٹ پڑنا

eduvision.edu.pk

## سیکشن(ج)

نمبر:30

10 سوال-III درج ذیل اجزاء میں سے کسی ایک جزو کی سیاق و سباق اور متن کے حوالے سے تشریح کیجئے۔

(الف) "تقدیر ان کو ٹھوکریں کھلواتی ہے۔ جو تاجوروں کے ٹھوکریں مارتے تھے۔ قسمت نے ان کو بے بس کر دیا، جو بیکسوں کے کام آتے تھے۔ ہم چنگیز کی نسل ہیں جس کی تلوار سے زمین کانپتی تھی۔ ہم تیمور کی اولاد ہیں جو ملکوں کا اور شہریاروں کا شاہ تھا۔ ہم شاہجہاں کے گھر والے ہیں، جس نے ایک قبر پر جواہر نگار بہار دکھا دی اور دنیا میں بے نظیر مسجد دہلی کے اندر بنادی۔"

(ب) "مدت سے ان کا یہ دستور تھا کہ رات کو کھانا نہیں کھاتے تھے صرف نمکین کشمیری چائے پر اکتفا کرتے تھے دستر خوان پر ہمیشہ دو تین سالن ضرور ہوتے تھے۔ پلاؤ اور کباب انہیں بہت مرغوب تھے۔ شب دیگ بھی بہت پسند تھی۔ جاڑے کے دنوں میں بڑے چاؤ سے شب دیگ پکواتے اور خشکے کے ساتھ کھاتے تھے۔ پھلوں میں صرف آموں سے رغبت تھی۔ آموں کی فصل میں لگن اور سینیاں بھر کے بیٹھ جاتے۔ خود کھاتے احباب کو کھلاتے تھے۔"

10 سوال-IV درج ذیل اجزاء میں کسی ایک کی متن کے حوالے سے تشریح کیجئے۔

(الف)
ہم تو مائل بہ کرم ہیں، کوئی سائل ہی نہیں — راہ دکھلائیں کسے؟ رہروِ منزل ہی نہیں
تربیت عام تو ہے، جوہر قابل ہی نہیں — جس سے تعمیر ہو آدم کی یہ وہ گِل ہی نہیں

(ب)
جس دھج سے کوئی مقتل میں گیا، وہ شان سلامت رہتی ہے — یہ جان تو آنی جانی ہے اس جاں کی تو کوئی بات نہیں
میدانِ وفا دربار نہیں، یاں نام و نسب کی پوچھ کہاں — عاشق تو کسی کا نام نہیں، کچھ عشق کسی کی ذات نہیں

10 سوال-V درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیں۔

(الف) انٹرنیٹ کے فوائد اور نقصانات

(ب) والدین کا احترام

(ج) میری پسندیدہ کتاب